# جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ

JDW
JDW Group

17 - عابد مجید روڈ، لاہور کینٹ، لاہور

## اطلاع برائے پہلا عبوری نقد منافع 2026ء

جے ڈی ڈبلیو شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بروز بدھ مورخہ 29 اپریل 2026ء کو منعقد ہونے والے اجلاس میں مورخہ 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والی پہلی سہ ماہی کے پہلے عبوری نقد منافع منقسمہ 20 روپے فی حصص (200 فیصد) جس میں سے شوگر اور دیگر ڈویژن کا 17.50 روپے (175 فیصد) اور پاور ڈویژن کا 2.50 روپے (25 فیصد) ہے، کی سفارش کی ہے۔

عبوری نقد منافع منقسمہ کے استحقاق کے لئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز جمعرات مورخہ 07 مئی 2026ء سے بروز جمعہ 08 مئی 2026ء تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ مذکورہ پہلا عبوری نقد منافع منقسمہ اُن حصص داران کو ادا کیا جائے گا جن کا نام بروز بدھ 06 مئی 2026ء کو دفتری امور کے اختتام تک کمپنی کے ممبر رجسٹر میں درج ہوگا۔

### 1- توثیق شدہ قومی شناختی کارڈ، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور ای میل ایڈریس کی ضرورت:

سکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جاری کردہ ریگولیٹری شرائط کے مطابق، کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف ان حصص داران کو کی جائیگی جنہوں نے اپنے مؤثر شناختی کارڈ/ این آئی سی او پی/ پاسپورٹ (افراد کی صورت میں) اور رجسٹریشن نمبر (کارپوریٹ ادارے کی صورت میں) کی نقول اور مختص انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) مہیا کیا ہوگا۔ کمپنی مذکورہ تفصیلات نہ دینے والے کو عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دے گا۔ ایسے حصص داران جنہوں نے ابھی تک مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی مؤثر شناختی کارڈ/ این آئی سی او پی/ پاسپورٹ کی کاپیاں اور اپنے مؤثر IBAN کی تفصیلات فراہم کریں۔ مزید برآں، SECP کی ریگولیٹری شرائط کے مطابق شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک کمپنی کو اپنے ای میل ایڈریس/ موبائل نمبر فراہم نہیں کیے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کو ای میل ایڈریس فراہم کریں۔

### 2- غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ اور شیئر سرٹیفکیٹس:

وہ حصص داران جنہوں نے تا حال اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈیویڈنڈ/ رائٹ یا بونس شیئرز وصول نہیں کیے، ان سے گزارش ہے کہ وہ برائے کرم مذکورہ ڈیویڈنڈ/ شیئرز کے حصول کیلئے اپنی درخواست کمپنی/ شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

### 3- فزیکل شیئر کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 72 کے مطابق، کمپنیوں کو اپنے فزیکل شیئر کو بک انٹری فارم (الیکٹرانک فارم) میں تبدیل کروانا لازمی ہے۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز جو ابھی بھی فزیکل شیئر رکھتے ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

### 4- زکوٰۃ استثنیٰ (CZ-50):

عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی پر زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی اور اسے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کروا دیا جائے گا۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنیٰ کا دعویٰ کرنے کیلئے، جن شیئر ہولڈرز نے ابھی تک زکوٰۃ ڈیکلیریشن فراہم نہیں کی ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ زکوٰۃ ڈیکلیریشن، اگر حصص بک انٹری فارم میں موجود ہوں تو اسٹاک بروکرز یا CDC کو، اور اگر حصص فزیکل فارم میں ہوں تو کمپنی/ شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

### 5- ٹیکس کے تقاضے:

i- شوگر اور دیگر ڈویژن:

کمپنی کے شوگر ڈویژن کے منافع میں سے جو ڈیویڈنڈ ادا کیا جائے گا، اس پر بالترتیب 15% (فائلر) اور 30% (نان فائلر) کے حساب سے ودہولڈنگ ٹیکس کاٹا جائے گا۔

ii- پاور ڈویژن:

پاور ڈویژن کے منافع میں سے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء شق C-18، پارٹ-II، سیکنڈ شیڈول کے تحت بالترتیب 7.50% (فائلر) اور 15% (نان فائلر) کے حساب سے ودہولڈنگ ٹیکس کاٹا جائے گا۔

بمقام: لاہور
مورخہ 30 اپریل 2026ء

بحکم بورڈ
(مقصود احمد ملہی)
کمپنی سیکریٹری/ لیگل ہیڈ